● اولادِ رسول صلی اللہ علیہ وسلم کا مختصر تعارف　　مؤلف: حافظ محمد ندیم قاسمی

ضخامت: ۴۸ صفحات　　قیمت: درج نہیں　　ناشر: مکتبہ سید احمد شہیدؒ کچہری روڈ پسرور ضلع سیالکوٹ

سیدنا و مولانا محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم، اللہ تعالیٰ کے آخری نبی و رسول ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے تاجِ ختمِ نبوت آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے سر پہ سجایا اور تختِ ختمِ نبوت کو آپ کی جلوہ گاہ بنایا۔ جس طرح بنی نوعِ انسان میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو سب سے اعلیٰ شان عطاء فرمائی، اسی طرح آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے خاندان کو بھی نرالی شان و شوکت سے نوازا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی ازواجِ مطہرات رضی اللہ عنہم (اہل بیت) آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی بیٹیاں، بیٹے، نواسے، نواسیاں اور دیگر اہل ایمان رشتہ دار، ساری امت کی محبت وعقیدت کا مرکز ہیں۔ ان سب سے محبت ہی حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے محبت کا ثبوت ہے۔ اور اُن سے بغض وعداوت نعوذ باللہ حضور علیہ الصلوۃ والسلام سے بغض ہے۔

محترم حافظ محمد ندیم قاسمی نے اسی محبتِ ایمانی سے سرشار ہو کر نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے صاحب زادوں، حضرت قاسم، حضرت عبداللہ اور حضرت ابرہیم۔ آپ کی صاحبزادیوں سیدہ زینب، سیدہ رقیہ، سیدہ ام کلثوم اور سیدہ فاطمہ رضی اللہ عنہم کے فضائل ومناقب اور مختصر سوانحی حالات وواقعات معتبر کتابوں سے مرتب کیے ہیں۔ اسلوب سادہ اور عام فہم ہے۔ یہ مختصر رسالہ بچوں اور نوجوانوں کے لیے خاص طور پر مفید ہے۔ اللہ تعالیٰ قبول فرمائے۔ (آمین) (تبصرہ: حافظ محمد اکمل)

● جھوٹا کون؟　　(قادیانی سربراہ مرزا مسرور کے خطبۂ جمعہ کا جواب)　　مصنف: ڈاکٹر جاوید کنول

ضخامت: ۹۶ صفحات　　قیمت: ۷۵ روپے　　ناشر: عوامی راج پبلشرز یورپ

ملنے کا پتا: مکتبہ معاویہ جامع مسجد روڈ چیچہ وطنی ضلع ساہیوال

ڈاکٹر جاوید کنول، ممتاز صحافی، دانشور، شاعر اور جذبۂ حُبِّ رسول صلی اللہ علیہ وسلم سے سرشار ایک سچے مسلمان ہیں۔ وہ روزنامہ ''جنگ'' کے انٹرنیشنل ایڈیشن (لندن) اور جیو نیوز (ٹی وی) کے اٹلی میں نمائندے بھی ہیں۔ انھیں اپنے ادارے کی طرف سے ڈنمارک میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے توہین آمیز خاکے شائع کرنے والے اخبار اور اس سازش کے اصل محرکات تلاش کرنے کی ذمہ داری سونپی گئی۔ جاوید کنول نے ۲؍ مارچ ۲۰۰۶ء کو روزنامہ ''جنگ'' لندن میں اپنی مبنی برحقیقت رپورٹ کے ذریعے اس سازش کو طشت ازبام کیا کہ اس ذلیل اور خوفناک سازش کے پس منظر میں قادیانی ہاتھ کارفرما ہے۔ اس رپورٹ کی اشاعت سے پوری دنیا میں قادیانیوں کے جھوٹ اور مکر وفریب کا پردہ چاک ہوا۔ لیکن اگلے